# آیئے دعا مانگتے ہیں۔

محمد بشیر جمعہ

یہ دعا یوٹیوب پر بھی آڈیو کی صورت میں موجود ہے۔ درج ذیل نام سے تلاش کی جا سکتی ہے۔

BASHEER.JUMA@GMAIL.COM

basheer.juma@gmail.com

# دعائے رمضان کریم۔

- اجتماعی دعا کے موقع پر دعاؤں کے الفاظ کی تیاری، ترتیب اور تسلسل بھی ہو تو کیفیت میں اضافہ ہوتا ہے۔ جو افراد اجتماعی دعا کی ذمہ داری قبول کرتے ہیں ان کی آسانی اور سہولت کے لئے یہ اشارات جمع کیئے گئے ہیں۔

- یہ ترتیب کراچی کی عسکری ۳ کی مسجد اور ڈیفنس ہاؤسنگ سوسائیٹی فیز ۶ کی مسجد سحیم میں، اجتماعی دعا کے موقع پر تیار کی گئی ہے۔

basheer.juma@gmail.com

# دعائے رمضان کریم۔

- ۲۰۲۰ کے رمضان المبارک میں کروناوائرس کی پابندیوں کے باعث زیادہ تر اجتماعی دعائیں اب گھروں پر ہونگی لہٰذا دعا کرانے والے افراد کی آسانی اور سہولت کے لئے یہ دعا واٹس ایپ کے ذریعے پہچانے کی کوشش کی جارہی ہے۔
- دعا کی قبولیت کے عناصر کے نام سے وڈیو یوٹیوب پر ہے۔اس نام سے تلاش کریں۔Basheer Juma
- آپ حضرات سے گزارش ہے کہ اپنے متعلقین کو آخری عشرہ کے تحفے کے طور پر یہ دعا فارورڈ کردیں۔
- محمد بشیر جمعہ۔ basheer.juma@gmail.com

# ترتیب دعا

| | | | |
|---|---|---|---|
| تشکر اور اعتراف | معافی اور استغفار | التجا اور مناجات | رکاوٹ تکالیف سے پناہ |
| کشادگی رزق | ضروریات اور حاجات | اولاد اور خاندان | عہد۔ وعدہ |

# دعائے رمضان کریم۔
## طریقہ

اللہ تعالی کی تعریف

اول درود شریف

سورہ فاتحہ

سورہ بقرہ کی آخری آیات

(آمن الرسول)

آخر درود شریف

basheer.juma@gmail.com

# آیئے دعا مانگنا شروع کرتے ہیں۔

basheer.juma@gmail.com

# اللہ رب کریم کی تعریف

الحمد للہ علی الذات عظیم الصفات سمی السمات کبیر الشان

جلیل القدر رفیع الذکر مطاع الامر جلی البرھان

فخیم الاسم غزیر العلم وسیع الحلم کثیر الغفران

جمیل الثناء جزیل العطآء مجیب الدعاء عمیم الاحسان،

سریع الحساب شدید العقاب، الیم العذاب، عزیز السلطان

basheer.juma@gmail.com

# درود شریف

الھم صلی علی سیدنا و مولانا محمد بعدد من صلی و صام

الھم صلی علی سیدنا و مولانا محمد بعدد من قعد و قام

basheer.juma@gmail.com

# سوره فاتحه

| |
|---|
| بِسْمِ اللهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ |
| الْحَمْدُ للّهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ |
| الرَّحْمنِ الرَّحِيمِ |
| مَالِكِ يَوْمِ الدِّينِ |
| إِيَّاكَ نَعْبُدُ وإِيَّاكَ نَسْتَعِينُ |
| اهدِنَــا الصِّرَاطَ المُستَقِيمَ |
| صِرَاطَ الَّذِينَ أَنعَمتَ عَلَيهِمْ غَيرِ المَغضُوبِ عَلَيهِمْ وَلاَ الضَّالِّينَ ـ آمين |

# سورہ بقرہ کی آخری آیات

آمَنَ الرَّسُولُ بِمَا أُنزِلَ إِلَيْهِ مِن رَّبِّهِ وَالْمُؤْمِنُونَ كُلٌّ آمَنَ
بِاللّهِ وَمَلآئِكَتِهِ وَكُتُبِهِ وَرُسُلِهِ لاَ نُفَرِّقُ بَيْنَ أَحَدٍ مِّن رُّسُلِهِ
وَقَالُواْ سَمِعْنَا وَأَطَعْنَا غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَإِلَيْكَ الْمَصِيرُ

لاَ يُكَلِّفُ اللّهُ نَفْسًا إِلاَّ وُسْعَهَا لَهَا مَا كَسَبَتْ وَعَلَيْهَا مَا
اكْتَسَبَتْ رَبَّنَا لاَ تُؤَاخِذْنَا إِن نَّسِينَا أَوْ أَخْطَأْنَا رَبَّنَا وَلاَ
تَحْمِلْ عَلَيْنَا إِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهُ عَلَى الَّذِينَ مِن قَبْلِنَا رَبَّنَا
وَلاَ تُحَمِّلْنَا مَا لاَ طَاقَةَ لَنَا بِهِ وَاعْفُ عَنَّا وَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَآ
أَنتَ مَوْلاَنَا فَانصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكَافِرِينَ

basheer.juma@gmail.com

دعائے رمضان کریم۔

## تشکر و احساس نعمت: (سب سے پہلے اللہ رب العزت کی نعمتوں کا شکر ادا کریں)

- اے اللہ ہم تیرے شکر گزار ہیں کہ تو نے ہمیں:
- زندگی عطا کی۔
- صحت عطا فرمائی۔
- رہنے کے لیے مکان دیا۔
- زندگی کی سہولیات و وسائل عطا فرمائیں۔
- والدین عطا فرمائے۔

basheer.juma@gmail.com

# دعائے رمضان کریم۔

## تشکر و احساس نعمت: (سب سے پہلے اللہ رب العزت کی نعمتوں کا شکر ادا کریں)

- اولاد دی۔
- رزق دیا۔
- عزت و شہرت، سکون و عافیت دی اور قبولیت دی۔
- تعلقات اور رشتہ داریاں عطا فرمائیں۔
- نبی اکرم ﷺ کے امّتی ہیں۔(نبی اکرم ﷺ کا امتی بنایا)
- یارب۔ تیرا شکر ہے۔

basheer.juma@gmail.com

# دعائے رمضان کریم۔
# اعتراف: اے اللہ ہم اعتراف کرتے ہیں کہ۔

- ہم سے غلطیاں ہوئی ہیں۔ ہم نے کوتاہیاں کی ہیں۔
- ہم نے نافرمانیاں کی ہیں۔
- ہم عدم اطاعت و معصیت کے مرتکب ہوئے ہیں۔
- گناہ گار ہیں۔ گناہ کئے ہیں۔
- ظلم اپنے اوپر بھی کیا اور دوسروں پر بھی کیا ہے۔

basheer.juma@gmail.com

# دعائے رمضان کریم۔
## اعتراف: اے اللہ ہم اعتراف کرتے ہیں کہ۔

- لوگوں کے ساتھ ناانصافی کی ہے۔
- لوگوں کی حق تلفی کی ہے۔
- تکبر و نخوت اور زیادتی کی ہے۔
- لوگوں کو حقیر سمجھا ہے۔
- خود پسندی، کینہ پروری، حسد اور رنجش کے مرتکب ہوئے ہیں۔

basheer.juma@gmail.com

# دعائے رمضان کریم۔
## ہمارا رویہ: ہمارا رویہ یہ ہے کہ

- ان سب حرکتوں کے باوجود۔اے اللہ۔ہم بے خوفی کے ساتھ جی رہے ہیں۔
- تیرے اور تیرے بندوں کے معاملے میں لاپروائی کر رہے ہیں۔
- تساہل اور کاہلی کا شکار ہیں۔
- نہ تیرے حقوق ادا کر رہے ہیں اور نہ ہی تیرے بندوں کے حقوق ادا کر رہے ہیں۔
- حقوق العباد میں ظلم اور کوتاہی کے باوجود اپنے آپ کو بہت کچھ سمجھتے ہیں۔

basheer.juma@gmail.com

# دعائے رمضان کریم۔
# اللہ کا ہمارے ساتھ معاملہ:

- باوجود ہمارے اتنے سارے گناہوں کہ تونے ہمیں فوراسزا نہیں دی اور معافی مانگنے کا موقع دیا ہے۔
- تونے نعمتوں کو نہیں روکا بلکہ اپنا کرم اور احسان جاری رکھا ہے۔
- اور در گزر کیا۔
- ہمیں سنبھلنے کا موقع دیا ہے۔ ہماری سزا میں تاخیر کی ہے۔
- اے اللہ ہم تجھ سے معافی مانگتے ہیں۔

basheer.juma@gmail.com

# دعائے رمضان کریم۔

## اے اللہ ہمیں معاف فرما:

- کھیعص (ک ہ ی ع ص)، یانور، یاقدوس، یاحی، یارحمٰن۔
- کھیعص (ک ہ ی ع ص)، یانور، یاقدوس، یاحی، یارحمٰن
- کھیعص (ک ہ ی ع ص)، یانور، یاقدوس، یاحی، یارحمٰن
- یارب العالمین: آپ
- ہمارے وہ گناہ معاف کردیجیے جو مصیبت میں ڈالتے ہیں۔
- اور وہ گناہ بخش دیجیے جو نعمتوں کو مصیبت سے بدل دیتے ہیں۔
- اور وہ گناہ بخش دیجیے جو ندامت پیدا کرتے ہیں۔

basheer.juma@gmail.com

# دعائے رمضان کریم۔
## اے اللہ ہمیں معاف فرما:

- اور وہ گناہ بخش دیجیے جو قسمتوں کو روک دیتے ہیں۔
- اور وہ گناہ بخش دیجیے جو عصمتوں کو توڑ دیتے ہیں۔
- اور وہ گناہ بخش دیجیے جو بلا نازل کرتے ہیں۔
- اور وہ گناہ بخش دیجیے جو جلدی فنا کرنے والے ہیں۔
- اور وہ گناہ بخش دیجیے جو دشمن کو غلبہ دینے والے ہیں۔

# دعائے رمضان کریم۔
# اے اللہ ہمیں معاف فرما:

- اور وہ گناہ بخش دیجیے جو امیدیں قطع کرنے والے ہیں۔
- اور وہ گناہ بخش دیجیے جو دعا کو رد کرنے والے ہیں۔
- اور وہ گناہ بخش دیجیے جو بارش کو روکنے والے ہیں۔
- اور وہ گناہ بخش دیجیے جو ہوا کو روکنے والے ہیں۔
- اور وہ گناہ بخش دیجیے جو رسوا کرنے والے ہیں۔

# دعائے رمضان کریم۔

**یارب العالمین:**

- جو گناہ ظاہری ہیں، جو باطنی ہیں، جو ارادے کے ساتھ کیے ہیں یا جو بغیر ارادے کے ہو گئے ہیں۔ سب گناہوں کو معاف فرما۔
- وہ گناہ جو سنجیدگی کے ساتھ کیے ہوں یا مذاقاً، سب کی مغفرت فرمادے۔
- اے اللہ، ہمارے ان گناہوں کو بھی معاف فرما جو کہ گناہ ہیں مگر ہم انہیں گناہ نہیں سمجھتے۔
- اے اللہ یہ بڑی کوتاہی ہے تو معاف فرما۔

basheer.juma@gmail.com

# دعائے رمضان کریم۔

یارب العالمین:

- تو ہمارا دوست بن جا۔
- تیرے سوا ہمارے لیے کوئی جائے پناہ ہی نہیں۔
- لا ملجاولا منجا من اللہ الا الیہ۔۔۔لا ملجاولا منجا من اللہ الا الیہ۔۔۔لا ملجاولا منجا من اللہ الا الیہ۔
- کوئی راستہ نہیں، کوئی روشنی نہیں۔ مر کے بھی تیرے پاس آنا ہے۔ مٹی کی امانت ہیں اسی سے اٹھائے جائیں گے۔
- بس ابھی سے تو ہمیں اپنے دوستوں میں شامل کر لے۔ ہمیں اچھا بنا دے۔
- ہماری وجہ سے روز محشر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو تکلیف نہ ہو۔

# دعائے رمضان کریم۔
## اے اللہ ہم تجھ سے التجا کرتے ہیں کہ :

- تو ہمیں ایمان کی دولت عطا فرما۔ اخلاص نیت عطا فرما۔
- احتساب کی عادت دے تاکہ قیامت سے پہلے اور روزانہ اپنی ذات کا احتساب کر لیں۔
- ہر آنے والا دن پہلے دن سے بہتر ہو۔ ہمارا آج گزشتہ کل سے بہتر ہو۔
- نیک عمل کی استطاعت اور قوت عطا فرما۔
- تو ہمیں عافیت عطا فرما۔(اللھم انا اسئلک العفو والعافیہ والمعافاۃ فی الدنیا والآخرہ۔)
- اللھم انک عفو کریم، تحب العفو فاعف عنا۔

basheer.juma@gmail.com

# دعائے رمضان کریم۔
## اے اللہ ہم تجھ سے التجا کرتے ہیں کہ :

- ہم تیری رضا چاہتے ہیں۔ایسے کام کریں جن کے ذریعے تیری رضا حاصل ہو۔
- تیری پسند کے کام کرنے کی توفیق عطا فرما۔
- تو ہماری ہر طرف سے حفاظت فرما۔
- ہمارے عیوب کی پردہ پوشی فرما۔
- ہمیں خوف سے امن دے۔
- اے رب العالمین تو نیکیوں کی طرف ہمارے ہاتھ پکڑ کر لے جا اور گناہوں سے گردن پکڑ کر روک لے۔

basheer.juma@gmail.com

# دعائے رمضان کریم۔
# اے رب العالمین۔۔تیری پناہ میں آتے ہیں:

- تیری نعمتوں کے زوال سے۔
- نعمتوں کی کمی سے۔
- تیری ناراضگی سے۔
- تیرے غصے سے۔
- ہر قسم کے غم و فکر سے۔
- بے چارگی سے۔

basheer.juma@gmail.com

# دعائے رمضان کریم۔
# اے رب العالمین۔۔ تیری پناہ میں آتے ہیں:

- بخل سے۔
- بزدلی سے۔
- سستی اور کاہلی سے۔
- غصہ اور غضبناک غصے سے۔
- ضد سے۔ نفاق سے۔ برے اخلاق سے۔ حسد سے۔
- کینہ سے۔ چغل خوری سے۔

basheer.juma@gmail.com

# دعائے رمضان کریم۔

## اے رب العالمین۔۔ تیری پناہ میں آتے ہیں:

- کمزوری سے۔مایوسی سے۔
- بے اعتمادی سے۔
- لوگوں کے غلبہ سے۔شکست اور ناکامی سے۔
- لوگوں کے جادو ٹونوں سے، نظر بد سے، سازشوں سے اور بندشوں سے اور چالوں سے۔
- اس بات سے کہ کسی پر ہم ظلم کریں یا کوئی ہم پر ظلم کرے۔
- دشمنوں کے غلبے سے۔

basheer.juma@gmail.com

# دعائے رمضان کریم۔
# یااللہ ہماری مغفرت فرما

- ہمارے والدین پر کرم فرما،ان کی خدمت کی توفیق عطافرما۔ان کاخیال رکھنے اورانہیں خوش رکھنے کی توفیق عطافرما۔انہیں توفیق دے کہ وہ ہماری غلطیوں کو معاف کردیں۔
- ہماری بھی مغفرت فرما۔
- ہمارے والدین کی مغفرت فرما۔
- ہمارے تمام مرحومین کی مغفرت فرما۔
- ہمیں جائے پناہ دے دے۔

# دعائے رمضان کریم۔
# اے اللہ ہم شفا کے طلب گار ہیں

- ہمارے بیماروں کو شفا دے، دل کی شفا، جسم کی شفا، دماغ کی شفا۔ تمام امراض سے شفا۔
- صحت دے۔ توانائی دے۔
- کمزوری، نقاہت اور کاہلی کو دور فرما۔
- بے اولادوں کو اولاد دے، نیک اور صالح اولاد عطا فرما۔ اولاد نرینہ بھی عطا فرما۔
- پوری دنیا میں جو لوگ کرونا کے مرض میں مبتلا ہیں انہیں شفا کاملہ عطا فرما۔

basheer.juma@gmail.com

# دعائے رمضان کریم۔
# اے اللہ۔ ہماری مشکلات کو دور فرما۔ رکاوٹوں اور تکالیف کو دور فرما

- ہماری تکالیف اور مشکلات کو دور فرما۔ الجھنوں اور پریشانیوں کو ختم فرما۔
- نا اتفاقیوں اور خاندانی اور باہمی جھگڑوں کو سلجھا دے،
- مفاہمت اور مصالحت کے لئے ہمیں بھی قربانی دینے کی توفیق دے۔
- تنگدستی اور رزق سے متعلق مسائل کو حل کر دے۔
- وسائل کی کمی کو دور کر دے۔
- مسائل کو حل کر دے۔
- ظلم کرنے سے بچا اور لوگوں کے ظلم سے بھی بچا۔

# دعائے رمضان کریم۔
# اے اللہ تو ہمارے رزق میں کشادگی عطا فرما

- حلال و پاک رزق دے۔
- رزق میں برکت عطا فرما۔
- ہمارے مقروض افراد کے قرض ادا کر دے۔
- جن لوگوں نے ہم سے قرض لیا ہوا ہے یا ہمیں رقم دینی ہے، یا ہمارے حقوق ان سے وابستہ ہیں۔ انہیں توفیق دے کہ وہ ہمیں ہمارے حق دے دیں۔ اے اللہ تو قادر مطلق ہے۔
- فضول خرچی اور اسراف سے بچا۔

basheer.juma@gmail.com

# دعائے رمضان کریم۔
# اے اللہ تو ہمارے رزق میں کشادگی عطا فرما

- ہمارے بے جا اخراجات کو روکنے کے اسباب بنا۔
- موجودہ وبا کے باعث جو لوگ بے روزگار ہوے ہیں ان کی بے روزگاری کو بہتر رزق میں بدل دے۔ جو لوگ معاشی مشکلات سے دوچار ہوئے ہیں ان کے لئے بھی آسانی فرما۔
- ہمیں فریب سے، فریب کاری سے، دھوکہ دہی سے اور لوگوں کے ساتھ جھوٹ اور غلط بیانی اور دھوکے سے بچا۔
- ہمیں ایمانداری کے ساتھ زکوٰۃ عطا کرنے کی توفیق دے۔
- ہمیں انفاق، صدقات اور خیرات کرنے کی توفیق دے۔

basheer.juma@gmail.com

# دعائے رمضان کریم۔
# اے اللہ تو ہمارے رزق میں کشادگی عطا فرما

- مستحقین تک پہنچنے اور ان کا خیال رکھنے کی توفیق دے۔
- ہمارے نصیبوں کو اچھا کر دے۔ ہمارے نصیبوں میں جو مشکلات ہیں تو انہیں دور کر دے۔
- ہمیں تیرا تقویٰ عطا فرما اور وہاں سے رزق دے جہاں ہمارا گمان بھی نہ ہو۔
- ضعیف ہیں، طاقت عطا فرما۔ ذلیل ہیں، عزت عطا فرما۔ فقیر ہیں غنی کر دے۔
- دھوکہ دینے سے اور لوگوں کے دھوکے سے بچا۔ جھوٹ اور غلط بیانی سے بچا۔
- مظلوم ہیں، ہماری مدد فرما، مظلوم ہیں ہمارا انتقام لے لے۔

basheer.juma@gmail.com

# دعائے رمضان کریم۔
# ہماری ضروریات اور حاجات کو پورا کر دے

- اچھی صحت، توانائی، قوت عمل اور تیرے ہاں مقبول کام کرنے کی توفیق دے۔
- لوگوں کے دلوں میں ہمارے لیے محبت اور عزت پیدا فرما۔
- ہمیں اپنی نظروں میں چھوٹا اور دوسروں کی نظروں میں بڑا بنا دے۔
- ہمارے کاموں کو درست کر دے۔
- بکھرے ہوئے معاملات کو سمیٹ لے۔
- سینہ کی کشادگی عطا فرما۔

# دعائے رمضان کریم۔
# ہماری ضروریات اور حاجات کو پورا کر دے

- ہمارے کاموں کو آسان فرمادے۔
- ہمیں سمجھ دے، فہم دے، عقل اور فراست عطا فرما۔
- قوت فیصلہ عطا فرما اور صحیح فیصلے کرنے کی توفیق عطا فرما۔
- معاملات کو سمجھنے کی اور انہیں سلجھانے کی صلاحیت اور نتیجے پر پہنچنے کو توفیق عطا فرما۔
- علم عطا فرما اور علم نافع عطا فرما۔ اس پر عمل کی توفیق دے۔
- ہمیں تقویٰ عطا فرما۔ ہمارے نفس کو تقویٰ عطا فرما۔

basheer.juma@gmail.com

# دعائے رمضان کریم۔
# ہماری ضروریات اور حاجات کو پورا کردے

- ہمارے ظاہر کو اچھا اور شائستہ کردے اور ہمارے باطن کو ہمارے ظاہر سے اچھا بنادے۔
- تیرا خوف عطا فرمادے اور باقی تمام خوف دور کردے۔ تیرا تقویٰ نصیب فرما۔
- ہماری شخصیت میں اعتماد عطا فرما۔
- ہماری شخصیت کو مضبوط، مربوط، منظم، متوازن، مؤثر، مستعد اور مفید بنادے۔
- ہماری شخصیت میں اعتدال اور توازن عطا فرما۔
- تنظیم ذات عطا فرما، نظم وضبط اور اوقات کا صحیح مصرف عطا فرما۔

basheer.juma@gmail.com

# دعائے رمضان کریم۔
# ہماری ضروریات اور حاجات کو پورا کر دے

- ہمیں دور اندیش بنا دے اور حکمتوں سے سرفراز فرما۔اے اللہ خطرات کو بھانپ لینے کی توفیق دے۔
- عافیت بخش، بدن میں، کانوں میں اور نگاہ میں۔
- کشادگی دے، فراخی دے۔دل کا غنا دے، متعلقین کا غنا عطا فرما۔
- اہل و عیال و مال میں آرام و راحت دے۔ہماری جان، مال، اولاد، آبرو اور عزت کی حفاظت فرما۔
- گھر میں گنجائش اور رزق میں وسعت عطا فرما، گھر میں سکون اور اطمینان دے۔
- ہر فیصلہ ہمارے حق میں اچھا کر دے، ہماری مدد کر، ہمارے خلاف کسی کی مدد نہ کر۔

basheer.juma@gmail.com

# دعائے رمضان کریم۔
# ہماری ضروریات اور حاجات کو پورا کردے

- ہمارے تمام کاموں کا انجام بہتر بنا۔
- ہماری قسمت کو اچھا کردے اور اس میں جو مشکلات ہیں انہیں دور کردے۔
- ہماری ایسی حفاظت فرما جیسے ماں اپنے بچے کی حفاظت کرتی ہے۔
- ہمارے لیے آسانی پیدا کردے ہمارے لیے کھلے سگنل دے، راستوں کے رش اور رکاوٹوں سے ہمیں بچا اور ہمارے لئے مشکل حالات اور بند گلیوں میں بھی بہترین راستے نکال دے۔
- حالات کو سازگار کردے، ہوا کا رخ ہمارے مقاصد کے حصول میں مددگار ہو۔

basheer.juma@gmail.com

# دعائے رمضان کریم۔
# ہماری ازدواج اور اولاد کے ذریعے ہمیں سکون عطا فرما

- ہماری اولاد کو ہدایت دے۔ ہمارے گھروں میں ہماری ازدواج اور اولاد کے ذریعے بھی سکون عطا فرما۔
- انہیں دین پر قائم رکھ۔
- دینی اور دنیاوی تعلیم میں آگے بڑھا۔
- ہمارے گھروں میں ہماری ازدواج اور اولاد کے ذریعے بھی امن اور دینی ماحول پیدا کر دے۔
- اولاد کی اعلیٰ تعلیم آسان کر دے۔ وسائل کا انتظام کر دے۔
- امتحان کی بہتر تیاری کی توفیق دے اور کامیابی بھی عطا کر۔ آگے بڑھنے کے راستے کھول دے۔

basheer.juma@gmail.com

# دعائے رمضان کریم۔
# ہماری ازدواج اور اولاد کے ذریعے ہمیں سکون عطا فرما

- اولاد کی دنیا اور آخرت کے لئے بہتری والے کیریئر بنادے۔
- اولاد کے رشتوں کے معاملے کو بخوبی اور آسانی کے ساتھ حل کردے اور آخرت کی بہتری والے رشتہ عطا فرما۔ان کے لئے غیب سے رشتے عطا فرما۔
- جو گھروں کے اتفاق سے محروم ہیں ان کے لئے الفت اور محبت پیدا فرما اور ان کے گھروں کو الفت کی جگہ بنادے۔گھر کے تمام افراد کو مفاہمت اور قربانی کے ساتھ زندگی گزارنے کی توفیق عطا فرما۔
- جن کے گھر بکھر گئے ہیں ان کے لئے بہتر رشتے اور آسودگی عطا فرما۔ان کے گھر بنادے۔

basheer.juma@gmail.com

# دعائے رمضان کریم۔
# ہماری ازدواج اور اولاد کے ذریعے ہمیں سکون عطا فرما

- اولاد کے غم سے بچا اور ان کو مشکلات اور حادثات سے بچا۔ اولاد کی آزمائش سے بھی بچا۔
- ہماری اولاد کا خیال رکھ اور انہیں ہدایت دے۔ دین پر چلنا آسان کر دے اور دین پر قائم رکھ۔
- ہماری اولاد کو ذاکر اور شاکر بنا۔ دور حاضر کی نعمتوں اور ٹیکنالوجی سے ان کے دین کو تقویت دے۔
- پروردگار جو دولت اور وسائل تونے ہمیں عطا فرمائے ہیں ان کی حفاظت فرما، ہمیں یقیناً اس کا حساب دینا ہے، ہماری اولاد کو توفیق دے کہ اسے بہتر طریقے سے استعمال کریں۔
- پروردگار ہماری دولت اپنی اگلی نسل کو اچھے اور بہتر طریقے سے منتقل کرنے کی توفیق نصیب فرما۔

basheer.juma@gmail.com

# دعائے رمضان کریم۔
# اے اللہ ہمارے علاقے، شہر/ ملک/عالم پر کرم فرما

- ہمارے شہر کے حالات اچھے کر دے۔
- ملک میں استحکام عطا فرما، حاکموں، افسروں کو اور حکمرانوں کو احساس ذمہ داری دے اور انہیں اپنے فرائض صحیح طرح ادا کرنے کی توفیق عطا فرما۔
- ہمارے ملک کے صحافیوں، میڈیا کے مالکان اور سوشل میڈیا کے لوگوں کو ہمت دے اور توفیق دے کہ وہ سچ کو سچ کہہ سکیں اور جھوٹ کو جھوٹ کہہ سکیں۔
- اے اللہ یہ ہمارے معاشرے کے بہت بڑے گواہ ہیں انہیں سچی گواہی دینے کی توفیق دے۔

basheer.juma@gmail.com

# دعائے رمضان کریم۔
# اے اللہ ہمارے علاقے، شہر/ ملک/عالم پر کرم فرما

- ہمارے ججز، عدالتی افراد اور وکلا کو بھی توفیق دے کہ وہ لوگوں کو جلد انصاف فراہم کریں اور انہیں اس بات کا احساس دے کہ انصاف میں تاخیر خود ایک ظلم ہے۔اے اللہ ان میں یہ احساس پیدا فرما۔
- اے اللہ ہماری مسلح افواج اور پیراملٹری کے افراد کو ہمت اور قوت دے کہ وہ ملک کی نظریاتی اور جغرافیائی سرحدوں کی حفاظت بھی کریں اور سیاستدانوں پر وہ کڑی نظر رکھیں کہ وہ قوم کو لوٹنے سے باز آجائیں۔
- اے اللہ ہمارے ڈاکٹرز، انجینیرز، سائنسدانوں، وکلا، ججز اور چارٹرڈ اکاؤنٹنٹز اور دیگر پروفیشنل لوگوں کو اپنے اخلاقی ضابطوں کی پابندی کرنے، صحیح ٹیکس ادا کرنے اور حق گوئی اور حق کے مطابق انٹیگریٹی (Integrity) اور سالمیت کے ساتھ کام کرنے کی توفیق عطا فرما۔اے اللہ انہیں بھی توفیق دے کہ وہ سچ کے علمبردار بنیں۔

basheer.juma@gmail.com

# دعائے رمضان کریم۔
# اے اللہ ہمارے علاقے، شہر / ملک /عالم پر کرم فرما

- جو لوگ ظلم کر رہے ہیں تو بہترین انتقام لینے والا ہے۔اے اللہ جن لوگوں نے جھوٹ بول کر یا کنفیوژن کا ماحول پیدا کر کے لوگوں کے حقوق ضبط کئے ہیں تو ان سے عبرت ناک انتقام لے لے۔
- اے اللہ ہمارے رفاہی اداروں کے لوگوں اور ذمہ داروں کو توفیق دے کہ وہ امانتوں کو ان کے حقداروں تک پہنچا دیں۔لوگوں کی امانتوں سے ذاتی فائدہ نہ اٹھائیں اور دینی اور خیراتی کاموں کو اپنی دنیا بنانے اور شہرت حاصل کرنے کے لئے استعمال نہ کریں۔
- اے اللہ زمینوں کا کاروبار کرنے والوں کو توفیق دے کہ انہوں نے جو رقومات جن معاہدوں کے تحت لی ہیں وہ انہیں متعلقہ افراد تک پلاٹس اور مکانات دے دیں۔جو ظلم کر رہے ہیں تو ان سے انتقام لینے والا ہے۔

basheer.juma@gmail.com

# دعائے رمضان کریم۔
# اے اللہ ہمارے علاقے، شہر / ملک /عالم پر کرم فرما

- اے اللہ جن سیاستدانوں نے اوران کے وابستہ لوگوں نے ناانصافی کرکے، اپنے اختیارات کا ناجائز استعمال کرکے قوم کو لوٹا ہے، ٹیکس کی چوری کی ہے اور ظلم کیا ہے، پروردگار انہیں ہدایت دے اور ہدایت ان کے لئے نہیں ہے تو تو بہترین انتقام لینے والا ہے۔
- اے اللہ ہمارے حکمرانوں کو فضا میں چلنے کی بجائے انہیں زمین پر چلنے کی توفیق دے۔ اے اللہ انہیں زمین پر تیرے نمائندے کے طور پر کام کرنے کی توفیق دے۔
- مغربی کلچر کی یلغار سے حفاظت فرما۔ مغربی حکمرانوں کے تسلط سے بچا۔
- ملک میں جو معاشی صورت حال ہے، مہنگائی ہے، برکت اٹھی ہوئی ہے، اللہ ہمارے لیے سب حالات بہتر کردے۔

basheer.juma@gmail.com

# دعائے رمضان کریم۔
# اے اللہ ہمارے علاقے، شہر/ ملک/عالم پر کرم فرما

- ہمارے نوجوانوں اوران کے والدین کوتوفیق دے کہ وہ جہیزاور شادی سے متعلق غیر شرعی رسموں کو ترک کردیں۔
- ہماری بیٹیوں کے والدین کوتوفیق دے کہ وہ اپنے کاروبار، اثاثہ جات اور زمینوں سے اپنی بیٹیوں کا وراثت کے متعلق جو حق ہے اس کی تلقین تحریری صورت میں کریں۔ عورتوں کوان کی وراثت میں پورا حق ملے۔
- جہاں وراثت کی تقسیم کے مسائل ہیں، انہیں حل کردے۔
- ہمارے علما اور خطیبوں کوتوفیق دے کہ وہ اپنے نمازیوں کو سادگی سے شادی کرنے کی تلقین کریں اور مساجد ہی میں نکاح کریں۔ سادگی کے ساتھ اجتماعی شادیاں ہوں تاکہ غریب اور متوسط خاندان کے لوگوں کو آسانی ہو۔
- فارماسیوٹیکل اور کھانے پینے کی صنعت سے وابستہ لوگوں اور میرج ہال کے مالکان کوتوفیق دے کہ وہ استحصال کرنے سے بچیں۔

basheer.juma@gmail.com

# دعائے رمضان کریم۔

- مسلمانوں کو احساس زیاں عطا کر اور منظم ہونے اور ہمیں فرض ادا کرنے کی توفیق دے۔
- جن اسلامی ممالک اور خطوں میں ظلم ہو رہا ہے وہ تو ظالم پر الٹا کر دے۔
- کشمیر اور برما اور چین کے مسلمانوں پر کرم فرما۔
- دشمن کی چالوں کو ناکام کر دے اور خود انہیں اپنی ہی چالوں کا شکار بنا دے۔
- معتکفین پر کرم فرما۔ ان کی دعاؤں کو ان کے حق میں، ان خاندان کے حق میں اور ہم سب حاضرین کے حق میں قبول فرما۔

basheer.juma@gmail.com

# دعائے رمضان کریم۔
# اے رب العالمین ہم عہد کرتے ہیں کہ:

- تیری اطاعت کریں گے۔ تیرے رسول ﷺ کی اتباع کریں گے۔
- اپنے معاملات کو درست رکھیں گے۔ اپنا احتساب کرتے رہیں گے۔ استغفار اور توبہ کرتے رہیں گے۔
- اپنے تعلقات کو بہتر رکھیں گے۔، حقوق اللہ، حقوق العباد کا خیال رکھیں گے۔
- تو ہمیں سکون دے ہمارے آنسوؤں سے چہرے گیلے ہو گئے ہیں، ہمیں جہنم سے بچا لینا۔
- ہم ہلکے ہو کر اور خوش ہو کر اٹھ رہے ہیں۔
- اے اس خوشگوار شب کے مالک۔ اے شب قدر کے مالک۔ تو ہمیں معاف فرما۔
- آپ کا شکر ہے کہ آپ نے ہمیں نصیبوں والا بنایا اور اس نعمت سے نوازا۔ تو ہمیں اپنا بنا دے۔

basheer.juma@gmail.com

# دعائے رمضان کریم۔
## اے اللہ،اے کریم،اے رحیم،اے عظیم

- اے اللہ۔اے نعمتوں کی فراوانی کرنے والے، گرفت دور کرنے والے،اے غموں کو ہٹانے والے، اے اندھیروں کو چھانٹنے والے،
- اے فیصلہ کرنے والوں میں سے زیادہ عادل،
- اے ظالم سے حساب لینے والے،اے مظلوم کے سہارا،
- اے بغیر ابتدا کے اول،اے بلاانتہا کے آخر،اے وہ ذات جس کا نام بغیر کنیت کے ہے ہمارے لیے اپنی مشکلات سے نکلنے کے راستے بنادے

basheer.juma@gmail.com

# دعائے رمضان کریم۔
# اے اللہ، اے کریم، اے رحیم، اے عظیم

- ہم نے جو کچھ مانگا ہے، اسے قبول فرما۔
- جو کچھ مانگنا چاہتے ہیں اور زبان پر نہیں آرہا، آپ انہیں بھی قبول فرمایئے۔
- جو کچھ مانگنا چاہیے اور ہم نہیں مانگ رہے، آپ ہمیں وہ بھی عطا فرمایئے۔
- جو کچھ آپ ہمیں دینا چاہتے اور ہم نہیں مانگ رہے، پروردگار۔ آپ ہمیں وہ بھی عطا فرمایئے۔
- اے اللہ۔ ہم نے جو کچھ بھی مانگا ہے، اپنے ظرف کے مطابق مانگا ہے، رب العالمین آپ ہمیں اپنے ظرف اور اپنی شان کے مطابق عطا فرمائیں۔

basheer.juma@gmail.com

# دعائے رمضان کریم۔
# اے اللہ،اے کریم،اے رحیم،اے عظیم

- اے اللہ۔ ہم آپ سے ہر اس خیر کے طلب گار ہیں جسے نبی آخر الزماں ﷺ نے آپ سے طلب فرمایا؛اور
- آپ کی پناہ میں آتے ہیں ہر اس شر سے جس سے حضرت محمد ﷺ نے آپ کی پناہ چاہی۔
- ہمارے اللہ۔ جو خیر بھی آپ ہمیں عطا فرمائیں ہم اس کے محتاج اور فقیر ہیں۔
- ربی انی لما انزلت الی من خیر فقیر۔

basheer.juma@gmail.com

# دنیا اور آخرت کی بھلائی

- اے اللہ۔ ہمارے تمام کاموں کا انجام بہتر فرما اور ہم کو دنیا کی رسوائی اور آخرت کے عذاب سے پناہ دینا۔
- اے ہمارے ربّ! ہمیں دنیا میں بھی بھلائی دے اور آخرت میں بھی بھلائی اور آگ کے عذاب سے ہمیں بچا۔

**آمین یارب العالمین**

basheer.juma@gmail.com

# دعائے رمضان کریم۔
## اے اللہ،اے کریم،اے رحیم،اے عظیم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ

عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَ عَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْد

اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ

عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَ عَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْد☆

دیگر پریزنٹیشن اور وڈیوز کے لئے یوٹیوب پر یہ نام لکھ کر تلاش کریں۔
(دعا کے موضوع پر بھی ہیں۔)

# Basheer Juma

basheer.juma@gmail.com